# اعلامیہ بابت کاروائی اجلاس

وفاق الجامعات العربیہ پاکستان کی مجلس شوریٰ کا سالانہ اجلاس برائے سال 2023 بمطابق 1444 ھجری زیر صدارت مولانا عبد الکریم صدر وفاق الجامعات العربیہ پاکستان دفتر وفاق الجامعات العربیہ پاکستان ہیڈ فقیریاں میں منعقد ہوا۔ اجلاس کا آغاز تلاوت کریم سے ہوا جس کی سعادت قاری محمد ھارون نے حاصل کی۔ صدارتی خطبہ مولانا عبد الکریم نے ارشاد فرمایا۔ اجلاس کا ایجنڈہ ناظم اعلیٰ وفاق الجامعات العربیہ پاکستان نے پیش کیا جس میں بالخصوص وفاقی وزارت تعلیم کے موجود وزٹ اور موجودہ درپیش صورتحال پر مجلس شوریٰ کو اعتماد میں لیا گیا۔ اجلاس میں آئندہ کے لائحہ عمل کے لئے جو تجاویز پیش کی گئ وہ مندرجہ ذیل ہیں۔

## ڈاکٹر ثناء الرحمان صاحب کی تجاویز

- امتحانی کمیٹی کو فعال بنایا جائے اور باقاعدہ طور پر بغیر کسی تاخیر کے امتحانات کا سلسلہ شروع کیا جائے۔
- پیپر کمیٹی بنائی جائے جو نمبروں کی تقسیم سوالات کی تقسیم پاس ہونے کا مکمل کرائیٹیریا فارمولا وضع کرے۔
- وفاق الجامعات العربیہ کے تحت چلنے والے مدارس کا باقاعدہ طور پر دوبارہ سے وزٹ کیا جائے اور ایک تعلیمی رپورٹ مرتب کی جائے۔
- دفتری امور کو منظم صورت میں لایا جائے اور دفتر کے عملہ کے حاضری رجسٹر اور اوقات کار وغیرہ کے امور تحقیق کئے جائیں۔
- دفتری امور پر مامور افراد کی استعداد بڑھائی جائے اور اس کے لیے تربیتی ورکشاپس کا انتظام کیا جائے۔
- انتظامی ڈھانچے کی ورکنگ ریلیشن شپ بہتر کی جائے۔

## ڈاکٹر فیضان حسن جاوید صاحب کی تجاویز

- اراکین شوری کے شعبہ جات باقاعدہ طے کر کے اعلان بھی کر دیا جائے اور شعبہ جات کے ناظمین اپنی رپورٹ بھی اجلاس میں پیش کیا کریں۔
- لائبریری کی کتب کا اہتمام کر لیا جائے خصوصا نصاب کی کتب کا ایک سیٹ ضرور رکھا جائے۔

- اس گروپ کو یا کسی ایک نئے گروپ کو اراکین شوری سے منسوب کر دیا جائے تا کہ آپ کے لیے مشاورت آسان اور فوری ہو۔
- دفتر میں مناسب سٹاف کو باقاعدہ ہائر کر لیا جائے تا کہ دفتری کام باقاعدہ ہو سکیں۔
- وفاق کے تعارف پر مبنی پریزنٹیشن کو تمام اراکین کے ساتھ پی ڈی ایف فارم میں شئیر کر لیا جائے تا کہ وہ کبھی بھی کہیں بھی وفاق کا تعارف کرا سکیں۔

## ڈاکٹر محمد اعظم صاحب کی تجاویز

- لائبریری کے لیے تمام درجات کی درسی کتب سافٹ کاپی فارم (PDF) میں ڈاون لوڈ کر کے دفتر میں کم از کم ایک سسٹم کے اندر موجود ہوں۔
- ویب سائٹ ایکٹیو ہو جائے تو اس کے ساتھ کتب کی ویب سائٹ (درس نظامی کتب) کا لنک وہاں شیئر کر دیا جائے۔
- تمام کتب سافٹ کاپی کی صورت میں موجود ہوں۔
- مکتبہ شاملہ خادم الحرمین الشریفین جوامع الکلم ایزی قرآن وحدیث ایک سسٹم پر انسٹال کیا جائے۔

## ڈاکٹر حافظ وحیب الرحمٰن نعیم صاحب کی تجاویز

**عمومی نظم سے متعلقہ تجاویز:**

- وفاق الجامعات العربیہ کا بنیادی انتظامی ڈھانچہ (Core Governing authority) یا (Cendicat) اور مجلس شوریٰ (Advisory board) کو طے کر دیا جائے تا کہ مرکزی دفتر تشریف لانے والے ذمے داران یا بین الادارہ جاتی رابطہ و نگرانی کرتے وقت متعلقہ نظم ہی مجاز ہو۔
- دفاتر کے ناموں کی تختیوں پر موجود رسم الخط (یہ عربی کے جدید رسم الخط میں شامل ہے) کو ہی مستقل اسٹائل کے طور پر استعمال کیا جائے۔ تا کہ وحدت اور نظم کا اظہار ہو۔
- سادہ دفتری رجسٹر کی بجائے ہر کام کیلئے مارکیٹ میں متعلقہ کام کیلئے رائج فنی رجسٹر استعمال کیا جائے۔ اس سے متعلقہ مواد تکنیکی طور پر محفوظ رکھنا آسان ہو جاتا ہے۔

- دفتر کے فرش میں نظافت و خوبصورتی کی کافی گنجائش موجود ہے، یہ بات مسلم ہے کہ ظاہری خوبصورتی بہر حال سکہ رائج الوقت ہے۔
- وفاق الجامعات کے مرکزی دفتر میں مستعمل تمام چھوٹی بڑی دفتری اشیاء پر وفاق الجامعات کا لوگو اور نام واضح چسپاں ہونا چاہیے، یہ نظم وضبط کی گہرائی اور نفاست کی رائج الوقت علامت ہے۔
- ضمناً عرض ہے کہ کیونکہ وفاق الجامعات کا یہی ایک دفتر ہے تو اس کو ہر اعتبار سے مثالی اور منہج و نصاب کی طرح سب سے ممتاز اور منفرد نظر آنا چاہیے۔

**شعبہ لسانیات سے متعلقہ تجاویز**

- دنیا کی 5 معروف زبانوں کی کچھ ڈکشنریاں ہارڈ اور سافٹ صورت میں رکھیں اور ان کا پی ڈی ایف لنک وفاق کی متعلقہ ویب سائیٹ پر جاری کریں۔
- دنیا کے معروف اسلامی اسکالرز (نعمان علی خان، مفتی مینک، ڈاکٹر ذاکر نائیک اور دیگر عربی اسکالرز وغیرہ) کی عربی اور انگریزی میں موجود تقاریر و بیانات کا مواد ڈائونلوڈ شکل میں دفتر میں موجود ایک کمپیوٹر سسٹم میں رکھا جائے۔(مقصد محض دیگر زبانوں کو اسلامی انداز میں قابل فہم بنانا ہے)
- نصاب کے لسانیات سے متعلقہ حصے میں صوتی و بصری مواد کی تعلیم و سماعت ضروری قرار دی جائے۔
- لسانیات سے متعلقہ موضوعات کی تدریس سے پہلے آغاز میں ہی زبان و بیان اور تہذیبوں کا گہرا اور پیچیدہ تعلق اور استفادہ کی حدود واضح کر دی جائیں تا کہ وفاق الجامعات کا طالبعلم کسی زبان کے تہذیبی و فکری اثرات سے محفوظ رہے۔
- لسانیات سے متعلقہ نصاب کی عمومی تفصیلات کو کسی معروف جامعہ کے شعبہ لسانیات کے اسپوکن مواد کی روشنی میں مرتب کیا جائے۔

## حافظ خبیب الرحمان اعوان کی تجاویز

- آفس میں موجود تمام اشیاء کی تفصیلی لسٹ اور ریکارڈ کی لسٹ بنائی جائے اور اس کو وقت کے ساتھ ساتھ اپڈیٹ کیا جائے۔
- نصاب تعلیم کے حوالہ سے لائبریری کو وسعت دی جائے جس کے اندر وفاق الجامعات کے نصاب کی مکمل کتب مکمل ملٹی پل آپشنز کے ساتھ بالترتیب رکھی جائیں۔
- باقی تمام وفاقات کا اور رجسٹرڈ اداروں کا مکمل نصاب تعلیم اور انکی کتب بھی لائبریری میں رکھی جائیں یا کم از کم سافٹ شکل میں رکھا جائے۔
- عالمی سطح پر باقی اسلامی ممالک کے نصاب کی کتب ماڈرن ایجوکیشن کی بکس ہمارے نصاب کے چاروں حصوں دینی، عصری، فنی، لسانی کتب کو ہر ممکن حد تک درجہ وائز ترتیب دی جائیں۔

- اسلام پر اعتراضات پر لکھی جانی والی کتب اور ان کے جوابات کا ریکارڈ مرتب کیا جائے۔
- تعلیمی نفسیات پر کتب، فزیکل ہیلتھ پر کتب، نیوٹریشن ہیلتھ پر کتب بھی جمع کی جائیں۔
- یونیورسٹیوں میں رائج نصاب تعلیم اور مدرسہ سسٹم اور نصاب پر جو کام یونیورسٹیوں اور سرکاری سطح پر یا علامہ سطح پر ہو رہا ہے اسکی مکمل تفصیل
- آرٹیفیشل انٹیلیجنس کی کتب اور ان سے استفادہ حاصل کیا جائے۔
- شعبہ تحقیق اور اسکے ماتحت تحقیقی کام کو فروغ دیا جائے، اور تحقیق کے حوالے سے ماڈرن ذرائع کو اختیار کیا جائے۔
- عالمی حالات پر کتب رپورٹس، تخصص پر کتب، مقالہ جات اور رپورٹس بھی جمع کی جائیں۔
- حفظ و تجوید کا مکمل نصاب اور اس پر جملہ کتب کا ریکارڈ مرتب کیا جائے۔
- لسانیات کے حوالے سے ہر پہلو پر کام کیا جائے اور اسکی عملی تربیت اور تعلیم کا نظم قائم کیا جائے۔
- ٹیکنیکل ایجوکیشن کے حوالے سے سرکاری اداروں سے رابطہ اور اس موضع پر کتب اور مواد جمع کیا جائے۔
- امتحانی نظم، نیا ڈیٹا بیس، نیو ویب سائٹ جس میں مکمل جدید و قدیم ریکارڈ کو شامل کیا جائے۔
- تمام سسٹم ایک دوسرے سے مربوط لنکڈ ہوں بشمول تمام کمپیوٹر ہر چیز مکمل ریکارڈ پر ہو۔
- تمام درجات کے سوالیہ پرچے، سابقہ سوالیہ پرچہ جات کا کتابچہ، ایڈمیشن فارم داخلہ کے لئے بنیادی اہلیت، ہر درجے کے مختلف داخلہ فارم اور انکی شرائط ، فیس فارم، تصدیق فارم، شیڈول داخلہ جات، امتحانی مراکز کی تفصیل، رزلٹ، سالانہ گزٹ ترتیب وار جلد بندی کی ترتیب بنائی جائے۔
- ملحقہ مدارس، الحاق فارم، مدارس کے لئے باضابطہ شیڈول مرتب کیا جائے۔
- آن لائن ایجوکیشن مکمل ایکٹو سیٹ اپ ترتیب دیا جائے۔
- ٹیکنیل ایجوکیشن کے لئے مکمل باضابطہ سسٹم بنایا جائے۔
- اسناد کے اجراء اور شعبہ ریکارڈ اور تصدیقات کا طریقہ کار مرتب کیا جائے۔
- عصری تعلیم کی عملی تفصیل اور بورڈ کے ساتھ روابط بڑھائے جائیں۔
- اسناد کی ڈیٹیل درجہ بندی اور نمبرنگ سسٹم اپڈیٹ کیا جائے۔
- دفتری عملہ کی تفصیل اور ہمہ وقت مسئولین کے ساتھ رابطے کو منظم کیا جائے۔
- کمیٹیوں کے انچارج حتمی متعین کئے جائیں اور ان کا مضبوط نظم اور کارکردگی رپورٹ کا باقاعدہ جائزہ لیا جائے۔

- تمام ممبران کا مکمل ریکارڈ اپڈیٹ کیا جائے۔
- شعبہ بنات کے نصاب، تخصصات کے نصاب کو حتمی شکل دی جائے۔
- انٹرنیشنل اداروں کے ساتھ ورکنگ ریلیشنز کے شعبے کو مزید بہتر بنایا جائے اور بذریعہ ای میل اور خطوط ان کے ساتھ رابطے کو بہتر کیا جائے۔
- وفاق الجامعات العربیہ پاکستان کے رسالے کو شروع کیا جائے اور اس کے لئے ایک مدیر کو متعین کیا جائے۔
- وفاق الجامعات العربیہ کے تعارف نامہ اور پراسپیکٹس کو حتمی طور پر تیار کر کے مختلف اداروں اور مختلف افراد کو اس سے متعارف کروایا جائے۔
- شعبہ تجاویز کو قائم کیا جائے جو کہ اسکالرز ڈاکٹرز، علماء، مفتیان، شیوخ الحدیث، دینی اور عصری اداروں میں موجود معلومات سے آراء اور تجاویز لیکر ادارے کو بہتر سے بہتر بنانے کے لئے عملی اقدامات کرے۔

**اہداف**

- نصاب کا جدول
- آئین وفاق
- تعارف نامہ وفاق الجامعات
- نیو مجلس شوریٰ کا تعین
- خط و کتابت کا باضابطہ ریکارڈ
- فنانس سسٹم کی بہتری

## مولانا محمد ہارون کی تجاویز

- فوری طور پر اسٹوڈنٹ کو پڑھانے کے لئے آن لائن سسٹم شروع کیا جائے۔
- فوری طور پر ہمارا وفاق کا جو نصاب ہے مکمل جو ہم نے مدارس کو دینا ہے اس کی کتب لائبریری میں موجود ہوں۔
- دفتر میں پی ٹی سی ایل ہونا ضروری ہے۔
- دفتر کے اندر خاص جو کچھ معاملات ہیں یعنی ناظم دفتر کو مکمل ادھر ٹائم دینا چاہیے۔
- دفتر کے باہر ایک گارڈ ہر وقت رہنا چاہیے۔
- اور دفتر کے بعد جو شیشے دروازے لگے ہوئے ہیں میں سمجھتا ہوں غیر محفوظ ہیں ادھر لوہے کے جالی والے دروازے لگنے بہت ضروری ہیں۔
- ناظم دفتر اپنا ٹائم گروپ میں شیئر کریں۔

## ڈاکٹر محمد حسنین کی تجاویز

- اراکین مجلس شوری کی میٹنگ ہر ماہ آن لائن ہونی چاہیے۔
- مکتبہ شاملہ اور دیگر سافٹ ویئرز کے ساتھ ساتھ ہمارے پاس ہر علم سے متعلقہ بنیادی کتب pdf میں موجود ہونی چاہیے۔ مزید یہ کہ اس فولڈر کو گوگل ڈرائیو پر اپلوڈ کر کے طلبہ کے ساتھ لنک شئیر کیا جا سکتا ہے۔
- تجوید کا دورانیہ دو سال کی بجائے ایک سال رکھا جائے۔ اس دوران صرف تجوید، حدر اور مشق پر توجہ دی جائے۔

## مولانا قاری محمد قاسم کی تجاویز

- تمام احباب نے نہایت ضروری اور اخلاص سے بھرپور آراء پیش کیں میری گزارش یہ ہے کہ سب سے پہلے دفتری امور کا ماہر جو کمپیوٹر کے تمام معاملات سے واقف ہو یعنی کمپوزنگ، پوسٹ، ڈیزائننگ کے ساتھ ساتھ فائل ورک کا تجربہ ہو مستقل وفاق کا ملازم ہو کم از کم 12 گھنٹے روزانہ وقت دے سکتا ہو، اور باقی شعبہ جات کے تمام احباب جس نے جو بھی فائل تیار کروانی ہو وہ اسی سے رابطہ کرے گا اور تمام متعلقہ کام وہی نمٹانے گا، اس کے بعد نصاب کو حتمی شکل دے کر ویب سائٹ پر اور کتابی شکل میں بھی پیش کیا جائے اس کے بعد آن لائن یا آف لائن کا سلسلہ آگے بڑھایا جائے، فیس بک جو تمام بکوں سے زیادہ ضروری ہے اس پر اکاؤنٹ بنایا جائے اور روزانہ پوسٹ ادارہ کے متعلق جاری کی جائے۔

## مفتی مبشر ابراہیم کی تجاویز

- ادارے کے مرکزی آفس کو مستقل فعال کیا جائے۔
- کچھ وقت ناظم اعلیٰ صاحب بھی مختص کریں اور وہاں وقت دیں۔
- یہاں تک کہ ان کے آنے والے اہم مہمان کی خاطر تواضع بھی وہاں کریں تاکہ یہ ادارہ سب کی نظروں میں آجائے۔ اور لوگوں کے لیے یہ نام اجنبی نہ رہے۔
- کوئی ادارہ ہمارے پاس ایسا بھی ہونا چاہیے جس میں ہمارے نصاب و نظام کو جاری کر کے مطلوبہ نتائج حاصل کئے جائیں تاکہ ہر آنے والے کو آئیڈیاز کی عملی تطبیق دکھائی جا سکے۔
- ادارے کی ماہانہ بنیادوں پر بھی زوم میٹنگ ہونی چاہیے تاکہ دور دراز کے علاقوں تک بھی نئے احوال پہنچ سکیں۔

## ڈاکٹر محمد طیب انور گورائیہ کی تجاویز

- ناظم دفتر کی کمپیوٹر اور وفاق الجامعات العربیہ پاکستان کے سافٹ ویئر اور ویب سائٹ کے متعلق آگاہی بالکل بھی نہیں ہے اور یہ ناظم دفتر کے لیے انتہائی ضروری ہے۔ سابقہ تمام منعقد ہونے والے سالانہ اجلاسوں میں جو فیصلے کیے گئے ناظم دفتر کی جانب سے ریکارڈ کے حوالے سے ان پر عمل نہیں کیا گیا۔
- ناظم دفتر کے پاس تمام ریکارڈ باقاعدہ الگ الگ فائلز میں ہونا چاہیے مثال کے طور پر نصابی کمیٹی، شوری ممبران کی کمیٹی، آفس کے ممبران کے متعلق ریکارڈ، تمام اسناد کی ایک کاپی، جوابی کاپی، ڈاک ڈائری رجسٹر، ڈاک ڈسپیچ رجسٹر وغیرہ (مارکیٹ میں باآسانی دستیاب ہیں) اس کے علاوہ بھی باقی تمام فائلز الگ الگ بنی ہوتیں تو وزٹ کے وقت فائل تلاش کرنے میں وقت ضائع نہ ہوتا۔
- ناظم دفتر کو چاہیے کہ باقی تمام شعبہ جات کے متعلقہ معاملات سے فوراُ ُان کے عہدہ دار کو آگاہ کریں اور تمام شعبہ جات کے آپس میں باہمی تعاون میں کردار ادا کریں۔
- ناظم امتحانات کو کمپیوٹر اور وفاق الجامعات العربیہ پاکستان کے سافٹ وئیر اور ویب سائٹ پر مکمل عبور حاصل کریں اور امتحانات سے متعلق ریکارڈ کی ایک عدد کاپی ناظم دفتر کے علاوہ وہ اپنے پاس بھی محفوظ رکھیں۔
- امتحانات کے متعلق تمام امور کو کو فائنل کریں جن میں پرچہ بنوانا، امتحان کا انعقاد، پیپر چیک کروانا، ایوارڈ لسٹ، رولنمبر تبدیلی، ڈپلومہ کا تعین، حاصل کردہ نمبر اور گریڈ کا طریقہ کار، فیل ہونے والوں کیلیے دوبارہ امتحان دینے کا طریقہ کار وغیرہ طے کیا جائے۔
- نصاب کے حوالے سے میرے خیال میں نصابی کمیٹی کے پاس فقہ حنفی، فقہ حنبلی، فقہ شافعی، فقہ مالکی اور فقہ جعفری، ان تمام کے حوالے سے نصابی کتب جو بنیادی ہیں وہ ہوں تو زیادہ بہتر ہے۔
- وزٹنگ گروپ اور باقی تمام گروپس میں ان کے متعلقہ افراد کو رکھا جائے جیسے نصابی کمیٹی کا گروپ، شوری ممبران کا گروپ وغیرہ اور سیاسی پوسٹ، صبح بخیر، شب بخیر وغیرہ کی پوسٹ پر پابندی ہو تا کہ افراد اپنے متعلقہ اہداف پر توجہ رکھیں۔
- ایک سے زیادہ صفحات پر مشتمل اعلامیہ یا خط وغیرہ کے آخری صفحہ پر مہر کے ساتھ اتھارٹی کے دستخط ہوں اور باقی تمام صفحات پر ایک طرف صرف دستخط ہوں تا کہ کوئی بھی صفحہ بعد میں کوئی دوسرا تبدیل نہ کر سکے۔
- مستقبل میں جب وفاق الجامعات العربیہ پاکستان کے پاس وسائل موجود ہوں تو دفتر کے قریب وفاق الجامعات العربیہ پاکستان کا اپنا ایک ماڈل مدرسہ بنایا جائے۔
- وفاق الجامعات العربیہ پاکستان کی منظوری کے بعد بھی بہت سے مسائل ہوں گے جس کیلیے سخت محنت درکار ہو گی لہذا اس وقت کیلیے ذہنی طور پر تیار رہنا چاہیے۔

## مولانا صابر محمود کی تجاویز

- دفتر کے حوالے سے کم از کم ایک تا تین افراد کو منتخب کریں جو دفتر کے نظام سے واقف ہوں ناظم دفتر، ایک کلرک جو کل سٹاف کے امور کو جانتا ہو، ایک سکیورٹی گارڈ اس کے علاوہ کم سے کم مجلس عاملہ، نصاب کمیٹی، امتحانات کمیٹی کو فعال کیا جائے۔
- اس کے بعد بورڈ کے متعلق بنیادی چیزوں پر زور دیا جائے بنیادی جتنے کام ہے الگ الگ فائلوں کا کام کیا جائے۔
- مزید یہ کہ ادارہ ھذا کی جملہ انتظامی ذمہ داریوں کی بہتر انجام دہی کے لیے گاہے بگاہے مشاورت بھی ضروری ہونی چاہئے تا کہ ادارہ اپنی ساکھ بہتر کر سکے۔

## مولانا محمد سیف اللہ خالد کی تجاویز

- الماشاء اللہ تمام احباب مشورے مناسب ہیں۔ یہی چیزیں ہیں جو ادارے کو فعال کرنے کے لئے لازمی ہیں۔۔ جیسے پی ٹی سی ایل نمبر، مستقل دفتری امور کو سنبھالنے والا بندہ، اس ساتھ یہ کہ قریب کے احباب اپناٹائم اپناٹائم روز کی بنیاد پر دیں، یا ہفتے میں دو دن یہاں آئیں، آنے والوں کی ریفریشمنٹ کا انتظام ہو جیسے مناسب ہو۔
- ڈیٹا کو محفوظ رکھنے کے لئے ایک ماسٹر کمپیوٹر ہو جو بہترین کوالٹی کا ہو اور باقی کمپیوٹر اس سے اٹیچ ہو۔
- سافٹ ویئر مزید بہتر ہو۔
- ویب سائٹ اچھی ہو۔
- سوشل میڈیا اکاؤنٹ فعال ہوں، روزانہ کی بنیاد پر ان کو اپڈیٹ کیا جائے۔
- چھوٹے بڑے پودوں کا انتظام مستقل طور پر ہو۔
- ساتھ ساتھ مجمع العلوم الاسلامیہ کا نصاب بھی دیکھ لیا جائے۔
- جو مدارس ملحق ہیں ان کو سکول کی لازمی تعلیم کے لئے مجبور کیا جائے، اور جو نئے الحاق ہوں وہ ان کے لئے بنیادی شرط ہو۔